فیصل آباد
محمد طاہر لدھیانوی

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی اسوہ حسنہ کا عکس جمیل ہے

گذشتہ دنوں عالمی مجلس احرار اسلام کے مبلغ مولانا سید خالد مسعود گیلانی فیصل آباد آئے تو جماعت کے تنظیمی امور کے سلسلہ میں احرار کارکنوں سے ملاقات کی، مدرسہ عربیہ جامعہ قرآنیہ میں درس قرآن کریم کا اہتمام کیا گیا جس میں طلبہ اور شہریوں نے شرکت کی سید خالد مسعود گیلانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہمارے اعمال میں سیرت نبوی کی جھلک آجائے تو تمام زندگی عبادت کے درجہ میں آجائے گی مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہم پر فرض ہے کہ خورد و نوش اور بود و باش سے لیکر اصول حکمرانی تک ہر مقام پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ سے رہنمائی حاصل کریں۔ انفرادی زندگی کے چھوٹے سے چھوٹے اعمال سے لیکر اجتماعی زندگی کے بڑے سے بڑے اعمال تک ہر شعبہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانوں کی رہنمائی اور دستگیری فرمائی ہے۔ اللہ جل شانہ نے قرآن کریم میں تمام انسانوں کو دنیا و آخرت کی کامیابی کے لئے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہونے کا حکم دیا۔ جب ہر سطح کے اعمال میں اسوۂ حسنہ کی جھلک آئے گی تو ہر عمل عبادت ہو جائے گا۔ اور اگر وہی عمل کفار کے طریقوں پر کیا جائے تو وہ گناہ کا باعث ہوگا۔ سید خالد مسعود گیلانی نے کہا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی مقدس جماعت سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا عکس جمیل ہے۔ انہوں نے انفرادی اجتماعی زندگی کے تمام اعمال میں سیرت طیبہ کی پیروی کی تو دونوں جہانوں کی کامیابیاں ان کے فرش راہ ہوئیں۔ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لے کر سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ تک صحابہ کی خلافت راشدہ کا تابناک دور اس کی زندہ مثال ہے۔ جب درسگاہ نبوت کی تربیت یافتہ اور سند یافتہ جماعت نے اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہو کر اس دور کی متمدن کافر حکومتوں کو الٹ دیا اور اسلام کی حکمرانی قائم کی۔ سید مسعود گیلانی نے کہا کہ اسوۂ حسنہ سے روگردانی اور انحراف کے نتیجہ میں آج کافر و مشرک قومیں مسلمانوں پر حاکم ہیں۔ انسانی غلامی سے نجات اور معاشرے کی ترقی کا انحصار صرف اور صرف اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ہے۔